سیسہ سے ہوشیار رہیں!

کیا آپ جانتے ہیں کہ سیسہ کہاں چھپا ہو سکتا ہے؟

سیسہ ایک دھات ہے جو بچوں اور بڑوں کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ ممکن ہے کہ بچے بیمار نہ لگیں، لیکن خون کی جانچ کی رپورٹ یہ دکھا سکتی ہے کہ ان میں سیسہ کے زہر کا اثر ہے۔ اس کی وجہ سے ان کی نشو و نما، رویہ، اور سیکھنے کی صلاحیت پر مضر اثرات ہو سکتے ہیں۔ سیسہ بالغان کیلئے بھی، خاص طور پر حاملہ عورتوں اور ان کے بچوں کیلئے پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔

جب آپ کے **گھر کے سیسہ پینٹ** میں دراریں پڑتی ہیں یا چھلکے گرتے ہیں، تو اس کے ریزے اڑ سکتے ہیں یا سیسہ کا سفوف پیدا ہو سکتا ہے۔ بچے زمین پر کھیلتے ہوئے ان ریزوں اور سفوف کو اٹھاتے ہیں اور اپنے ہاتھوں اور کھلونوں کو اپنے منہ میں ڈالتے ہیں۔ بچوں میں اس طرح سیسہ کا زہر پھیل سکتا ہے۔

کیا آپ جانتے تھے کہ **دیگر ممالک سے آنے والی کچھ ادویات، مصالحوں، زیبائشی چیزوں، اور کھانوں میں بھی سیسہ موجود ہوسکتا ہے؟** ان مصنوعات میں سیسہ کے سبب بچے بیمار ہوتے ہیں۔ اور بھی دیگر مصنوعات ہو سکتی ہیں جو اب تک ہمارے علم میں نہیں ہیں۔ وہ آپ کے قریبی دکانوں میں فروخت کی جا سکتی ہیں، یا آپ کے دوست یا خاندان کے افراد سفر سے لوٹنے پر وہ چیزیں لا سکتے ہیں۔

ادویات اور دیگر مصنوعات جن میں سیسہ موجود سکتا ہے:

مصالحے جو مشرق وسطی، لاطینی امریکہ، بھارت، چین سے درآمد کیے جاتے ہیں ان میں سیسہ پایا جا سکتا ہے۔

زیبائشی اشیاء میں بھی سیسہ پایا جاسکتا ہے۔ کحل (جسے سرمہ یا کاجل بھی کہا جاتا ہے)، ایک مثال ہے۔ اس کا استعمال آنکھوں میں لگانے کیلئے کیا جاتا ہے۔

دنیا بھر میں کئی اقسام کی **کینڈی** میں سیسہ پایا جا سکتا ہے۔

ادویات جڑی بوٹی اور آیورویدی جو مشرق وسطی، لاطینی امریکہ، بھارت، چین سے درآمد کی جاتی ہیں ان میں سیسہ پایا جا سکتا ہے۔

شہر نیویارک کے محکمہ برائے صحت کی خوش اخلاقی تصاویر

مجلا برتنوں

میں سیسہ ہو سکتا ہے، اس لئے انہیں کھانا بنانے یا پیش کرنے کے لئے استعمال نہ کیا جائے۔

مرہم اور پیسٹس جو ریاست ہائے متحدہ کے باہر سے آئے ہوں ان میں سیسہ شامل ہو سکتا ہے:

چین ***Yisaoguang Yaogua*** کا ایک مرہم ہے جو جلد کے دھبّوں کے علاج کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

Hondan ایک پاؤڈر ہے جو اکثر ڈائپر اور خشک جلد کے دھبّوں پر بطور مرہم استعمال کیا جاتا ہے۔

Thanaka برما میں درختوں سے بنایا گیا ایک مرہم یا پیسٹ ہے جو بطور سن اسکرین اور جلد کی حفاظت کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔



اگربتی اور کچھ شمع دان میں سیسہ شامل ہو سکتا ہے۔ سیسہ کوئلے، "unsi"، اور دیگر اگربتیوں اور کچھ موم بتیوں میں بھی ہو سکتا ہے جو آپ اپنے گھر جلاتے ہیں۔

دھاتی زیورات، بشمول ملمع کیا ہوا سونا یا چاندی، میں بھی سیسہ پایا جاسکتا ہے۔ بچوں کو دھاتی زیورات اپنے منہ میں نہیں ڈالنا چاہیے۔

شہر نیویارک کے محکمہ برائے صحت کی خوش اخلاقی تصاویر

اپنے ڈاکٹر، اپنے مقامی محکمہ صحت، یا پناہ گزین آباد کاری کا کیس مینیجر سے رابطہ کریں اگر:

- آپ کی فیملی نے ان مصنوعات یا ان سے ملتے جلتے کسی بھی مصنوعات کا استعمال کیا ہو۔
- آپ کو ان تصاویر میں دکھائی جانے والی کسی بھی چیز کے متعلق سوال ہو۔
- کسی نے آپ کو کوئی نئی دوا دی ہو یا آپ کو دیگر سوالات ہوں کہ آیا یہ دوا یا مصنوعہ آپ کے بچے کیلئے محفوظ ہے۔
- آپ کے گھر میں دراڑ، ریزے، یا پینٹ کا سفوف ہو۔
- آپ کو ایسا محسوس ہو کہ آپ کے بچے کو سیسہ کے زہر کا اثر ہے یا بچے نے سیسہ والے مصنوعات کا استعمال کر لیا ہو۔ ہر بچے کے خون کی جانچ کی جانی چاہیے، خواہ وہ اچھے ہی کیوں نہ معلوم ہوتے ہیں۔